© rasailojaraid.com



پیپلز فورم کے تحت دو سو سے زائد دانشوروں کا دورہ بھارت جسے دونوں طرف سے ہر طرح سے سہولتیں فراہم کی گئیں۔

یہ واقعات واقدامات سفارتی سطح پر ہماری پسپائی کا مظہر ہیں اور تحریک آزادی اور پاکستان کے مفادات کے حوالے سے سخت نقصان دہ ہے۔ آپ بحیثیت قومی قائد اپنی پارٹی میں اعلیٰ سطح پر غور وغوص فرمائیں حکومت کو متوجہ کریں اور اپنی انتخابی / سیاسی مہم میں مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنی پالیسی، اپنے منشوراور پوری مہم میں واضح فرماتے رہیں تاکہ قوم کے اندر یہ مسئلہ زندہ رہے اور حکومت پر بھی دباؤ بڑھتا رہے اور وہ مزید پسپائی سے باز رہے۔

پاکستان کی ایک اہم جماعت کے سربراہ کی حیثیت سے آپ کی قومی اور ملی ذمہ داری ہے کہ اس تاریخی موقع پر آپ ان شہداء کو فراموش نہ کریں جن کے خون سے کشمیر سے آنے والے دریا لالہ زار ہو چکے ہیں، دریاؤں کے پانیوں کی وساطت سے وہ پاک خون پاک سرزمین میں جذب ہو کر پاکستان کو ہریالی بخشتا ہے اور اسی کے طفیل پاکستان شاداب بھی ہے اور روشن بھی۔

امید ہے کہ پاکستان کے دفاع اور استحکام کی خاطر دی جانے والی قربانیوں کو فراموش نہ کریں گے اور ایک ذمہ دار قائد کی حیثیت سے اپنا فرض ادا کریں گے۔ انشاء اللہ۔

والسلام

عبدالرشید ترابی

امیر جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر

## طالبان کے خلاف مبالغہ آمیز پروپیگنڈہ

چند دن قبل الیکشن کے موقع پر P.T.V پر اپنے انٹرویو میں طالبان تحریک سے اپنی وابستگی پر فخر کر نے دل خوش کر دیا۔ اس سے آپ کا طالبان سے دلی وابستگی کا پتہ چلتا ہے۔

اسلامی انقلاب کے اس نازک موڑ پر طالبان کو بہت سوچ سمجھ کر قدم اٹھانا چاہیئے۔ کیونکہ دشمنان اسلام انکے درپے ہیں۔

★ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے پہلے لوگوں کو ذہنی طور پر تیار کیا۔ پھر خود بخود لوگوں نے اسلامی شعائر کو اپنانا شروع کیا۔

ڈاکٹر نثار محمد

اسلامیہ کالج پشاور

© rasailojaraid.com